15 اکتوبر 2024ء

## اسٹیٹ بینک 19 نومبر 2024ء کو وومن انٹر پیر ینور شپ ڈے منائے گا

بینک دولت پاکستان 19 نومبر 2024ء کو وومن انٹر پیر ینور شپ ڈے منائے گا۔ اس ضمن میں تقریب کا افتتاح گورنر اسٹیٹ بینک جناب جمیل احمد کریں گے۔ اس تقریب میں بینکوں اور نان بینک اداروں کے اعلیٰ حکام اور ورکنگ وومن ایسوسی ایشنوں کے نمائندے معیشت میں خاتون آجرین (entrepreneurs) کے اہم کردار کا اعتراف کرنے کے لیے جمع ہوں گے۔

دیگر سرگرمیوں کے علاوہ اس تقریب میں ان بینکوں کو خدمات کے اعتراف میں ایوارڈز بھی دیے جائیں گے جنہوں نے خاتون قرض گیروں کو (borrowers) قرضے جاری کرنے میں مسلسل اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے۔ خواتین کی قیادت میں چلنے والے کاروباری اداروں کو بھی مختلف زمروں میں ایوارڈز دیے جائیں گے جن کے ذریعے انٹر پیر ینور شپ کے منظر نامے میں ان کی قابل ذکر کامیابیوں کو سراہا جائے گا۔

اس ضمن میں پورے پاکستان میں آن گراؤنڈ اور ورچوئل دونوں قسم کی سرگرمیاں انجام دی جائیں گی جبکہ کمرشل بینک خواتین کی سرپرستی میں چلنے والے کاروباری اداروں سے ہم آہنگ مصنوعات کی پیشکش کریں گے۔ ان سرگرمیوں میں ورکشاپس، اسٹیٹ بینک کے ایس ایم ای قرضوں کے متعلق آگاہی مہمات اور مینٹور شپ کے پروگرام شامل ہوں گے، جنہیں ممکنہ کاروباری خواتین کو بااختیار بنانے اور ان کی قرض لینے کی اہلیت بڑھانے کے لیے ڈیزائن کیا جائے گا۔

وومن انٹر پیر ینور شپ ڈے ایک عالمی اقدام ہے جس کا مقصد ایسی خواتین کو سراہنا اور انہیں اعانت فراہم کرنا ہے جو جدت پسند ہیں، روزگار کے مواقع پیدا کر رہی ہیں اور معاشی نمو میں خاصا اہم کردار ادا کر رہی ہیں۔ ایسی خواتین کے کلیدی کردار کے باوجود خواتین کے ایک بڑے حصے کو قرضوں اور کاروباری مواقع تک رسائی میں رکاوٹوں کا سامنا ہے۔ اس دن کے موقع پر تقریبات کے ذریعے اسٹیٹ بینک اور اس کے شراکت دار چاہتے ہیں کہ مزید خواتین انٹر پیر ینور شپ سے وابستہ ہوں اور آج کے مسابقتی ماحول میں کامیابی حاصل کریں۔

****